Information for Patients

# Cholestrol Lowering (Statins) Tablet / Oral

**(Drugs included in this class are: Simvastatin, Atorvastatin, Rosuvastatin)**

## Indications:

Statins are a class of drugs used to control elevated cholesterol levels and help decrease the risk of heart attack and stroke.

## Directions for use:

- Take your medicine at the same time every day
- Statins are usually taken once a day, mostly at bedtime
- Avoid eating foods that are high in fat or cholesterol
- Avoid drinking alcohol because it is associated with increased risk of liver damage
- Talk to your doctor regarding the use of grapefruit and pomegranate juice in your diet
- Specific lab tests are recommended during the course of treatment which should be done as advised by the doctor
- Do not discontinue your medicine without first consulting your doctor

## Tell your doctor if you:

- Are allergic to Statins
- Take any other prescription or non-prescription medicines
- Have kidney or liver disease
- Are pregnant, planning to become pregnant or breast-feeding

## Common side effects:

- Abdominal pain
- Constipation
- Headache
- Muscles pain, tenderness, or weakness

## Consult your physician immediately if any of the following conditions occur:

- Extreme pain and tenderness over muscles
- Brown urine

## What to do if a dose is missed:

- Take the missed dose as soon as you remember
- Skip the missed dose if it is almost time for your next scheduled dose
- Do not take extra medicine to make up for the missed dose

## What to do if there is an overdose:

- Seek immediate emergency medical attention for any suspected overdose.

## Storage:

- Store at room temperature away from light and moisture.
- Keep all medicine away from children and pets.
- Do not use medication beyond the expiry date mentioned on the pack.
- Do not share your medicine with anyone.

**For more information, please contact:**

**Drug and Poison Information Centre, Department of Pharmacy Services,**
**Aga Khan University Hospital, Karachi**
P.O. Box 3500, Stadium Road, Karachi-74800, Pakistan.
Tel: 021 3486 1504/1506; Email: drug.information@aku.edu; Website: hospitals.aku.edu/karachi/dpic

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی
**The Aga Khan University Hospital,** Karachi

A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984; Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan

مریضوں کے لیے رہنما ہدایات

# کولیسٹرول میں کمی کی ادویات۔ اسٹیٹنز

## علامات:

اسٹیٹنز ادویات کی ایک ایسی قسم ہے جو کولیسٹرول میں اضافے پر قابو پانے اور دل کے دورے اور فالج کا خطرہ کم کرنے کے لیے استعمال کی جاتی ہیں۔

ادویات کی اس قسم میں سمو ویسٹیٹنز، اٹورویسٹیٹنز اور روزوویسٹیٹنز شامل ہیں۔

## اہم ہدایات:

- دوا ہر روز ایک ہی وقت پر لیں۔
- اسٹیٹنز کی ہر روز ایک ہی خوراک لی جاتی ہے عموماً رات میں سونے سے قبل۔
- زیادہ چکنائی یا کولیسٹرول کی حامل غذا لینے سے گریز کریں۔
- شراب نوشی سے گریز کریں کیوں کہ اس سے جگر کو شدید نقصان پہنچنے کا خطرہ ہوتا ہے۔
- انار اور چکوترے کے رس کو غذا میں شامل کرنے کے متعلق ڈاکٹر سے مشورہ کریں۔
- علاج کے دوران ڈاکٹر کے تجویز کردہ مخصوص ٹیسٹس کروائیں۔
- ڈاکٹر کے مشورے کے بغیر ادویات کا استعمال ترک نہ کریں۔

## اگر مندرجہ ذیل میں سے کوئی صورت حال پیش آئے تو ڈاکٹر کو مطلع کریں:

- اگر آپ کو اسٹیٹنز سے الرجی ہو۔
- اگر آپ کوئی تجویز کردہ یا غیر تجویز کردہ دوا استعمال کر رہے ہوں۔
- اگر آپ کو گردے یا جگر کا کوئی مرض ہو۔
- اگر آپ حاملہ ہوں، حاملہ ہونے کا ارادہ رکھتی ہوں یا بچے کو دودھ پلاتی ہوں۔

## عمومی ضمنی اثرات:

- پیٹ میں درد
- قبض
- سر درد
- پٹھوں میں درد، دُکھن یا کمزوری

## ڈاکٹر سے فوراً رجوع کریں اگر:

- پٹھوں کے درد یا دُکھن میں اضافہ ہو جائے
- گہرے رنگ (مثلاً بادامی) کا پیشاب

## اگر دوا کی خوراک لینا بھول جائیں تو:

- جیسے ہی یاد آئے بھولی ہوئی خوراک لے لیں۔
- اگر اگلی خوراک لینے کا وقت ہو گیا ہے تو بھولی ہوئی خوراک نہ لیں۔
- بھولی ہوئی خوراک کی کمی کو پورا کرنے کے لیے دوا کی زائد خوراک نہ لیں۔

## اگر اضافی خوراک لے لیں تو:

- اگر آپ غلطی سے دوا کی اضافی خوراک لے لیں تو فوراً ڈاکٹر سے رجوع کریں۔

## دوا محفوظ کرنے کا طریقہ:

- کمرے کے درجہ حرارت پر، روشنی اور نمی سے محفوظ رکھیں۔
- تمام ادویات بچوں اور پالتو جانوروں کی پہنچ سے دور رکھیں۔
- پیک پر دی گئی انتہائی تاریخ استعمال کے بعد دوا استعمال نہ کریں۔
- اپنی ادویات کسی اور کو استعمال کے لیے نہ دیں۔


**مزید معلومات کے لیے برائے مہربانی رابطہ کریں:**

ڈرگ اینڈ پوائزن انفارمیشن سینٹر، ڈیپارٹمنٹ آف فارمیسی سروسز

آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

پی او بکس 3500 اسٹیڈیم روڈ، کراچی 74800 پاکستان

فون: 1504/1506 3486 21 92+ ای میل: drug.information@aku.edu ویب سائٹ: hospitals.aku.edu/Karachi/dpic


آغا خان یونیورسٹی ہسپتال، کراچی

The Aga Khan University Hospital, Karachi


A Unit of The Aga Khan Hospital and Medical College Foundation; Licensed under Section 42 of the Companies Ordinance, 1984; Registered Office: Stadium Road, P. O. Box 3500, Karachi 74800, Pakistan